مفتی ابو معاویہ منظور احمد تونسوی (ملتان)

دینی مسائل

سوالات

۱۔ کیا روزہ کی حالت میں خون کا عطیہ دینا جائز ہے؟

۲۔ کیا غیر قانونی طریقے سے کسی ملک میں داخل ہوتے ہوئے مارا جانے والا شخص شہید کہلائے گا؟ اور کیا اس کو غسل بھی دیا جائے گا؟۔

۳۔ بعض لوگ ہر وقت ہر مجلس میں اور بازاروں میں ہاتھ میں تسبیح رکھتے ہیں اور دانے پھینکتے رہتے ہیں اس تسبیح کی دین میں کیا حیثیت ہے؟ اس کے دانے کس قدر متبرک ہیں کہ ان کی حفاظت کی جائے؟ اور کیا اس طرح عام مجالس میں تسبیح چلانا شریعت کا حکم ہے، مسنون ہے؟ (سید مظہر سعید انجم، لاہور)

جوابات

۱۔ روزہ کی حالت میں بذریعہ انجکشن خون لکلوانا مفسد روزہ نہیں ہے البتہ اگر ایسے ضعف کا خطرہ ہو کہ روزہ کی طاقت نہ رہے گی تو مکروہ ہے۔

اس بارے میں کچھ تفصیل ہے۔ شخص مذکور اگر کسی مباحِ شرعی کے لئے داخل ہوا مثلاً حج وعمرہ کی ادائیگی کے لئے داخل ہوا یا فریضۂ جہاد کی ادائیگی کے لئے یا دعوت دین کے لئے یا روزی کمانے کے لئے! پھر مارا گیا تو شہید ہوگا۔ **غسل بھی دیا جائے گا** اور اگر کسی غیر شرعی غرض کے لئے داخل ہوا مثلاً تخریب کاری، جاسوسی، دہشت گردی، ڈاکہ زنی، خون خرابہ کرنے کے لئے پھر مارا گیا تو حرام موت ہوگی۔

۳۔ تسبیح فی نفسہ ایک محترم چیز ہے، خواہ کسی حالت میں ہو اور کیسے ہی شخص کے ہاتھ میں۔ اسکا احترام کرنا چاہیئے۔ تاہم اگر کوئی شخص ریاء کے طور پر بازاروں اور عام محفلوں میں تسبیح ہاتھ میں لیکر بغیر کچھ پڑھے ویسے ہی چلاتا رہتا ہے تو یہ عمل بے کار، فضول اور فریبِ نفس ہے اس سے پرہیز لازم ہے۔

سوالات

۱۔ میں ایک وکیل کے ہاں منشی ہوں وہ لوگوں سے جو فیس لیتا ہے اس میں سے دس فیصد مجھے دیتا ہے۔ وکیل صاحب کو فیس وصول نہ ہو تو مجھے بھی رقم نہیں ملتی۔ کیا یہ اُجرت میرے لئے جائز ہے۔

۲۔ کچہری میں آنے والے لوگوں سے دستاویزات کی نقول حاصل کرنے کے لئے متعلقہ افراد ذاتی طور پر فیس وصول کرتے ہیں، میں لوگوں سے ۱۰۰ روپیہ خرچہ طلب کرتا ہوں جبکہ نقول پر ۵۰ روپے خرچ آتا ہے، یہ ۵۰ روپے میرے لئے حلال ہیں؟

۳۔ بعض آئمہ مساجد نماز کے بعد دعا مانگتے ہوئے نبی کریم ﷺ کا واسطہ کے الفاظ ساتھ شامل کر لیتے ہیں۔ یا

اولیاء کرام اور بزرگوں کو واسطہ اور وسیلہ بناتے ہیں، مسنون طریقہ دعا کیا ہے؟

۴۔ نماز کے آغاز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تکبیر تحریمہ سے قبل پڑھنی چاہئیے یا بعد میں؟ کیا دوسری رکعت شروع کرنے سے قبل بھی بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنی چاہیئے؟

(حافظ محمد ایوب، خالد حسین ساہیوال)

جوابات

۱۔ آپ کی اجرت جائز ہے۔

۲۔ آپ کے لئے یہ پچاس روپے حلال ہیں۔

۳۔ بہتر تو یہ ہے کہ قرآن مجید اور حدیث مبارکہ میں ذکر کردہ دعاؤں کے ساتھ بارگاہ ایزدی میں التجا اور درخواست کرے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے الفاظ میں یا کسی بزرگ کے الفاظ میں دعا مانگتا ہے اور ذات اقدس ﷺ یا کسی بزرگ ولی شہید کا واسطہ وسیلہ پیش کرتا ہے تب بھی جائز ہے۔

۴۔ بسم اللہ سورۃ فاتحہ کے شروع میں پڑھنے کا حکم اور فاتحہ کے ساتھ جب دوسری کوئی سورۃ ملائے تو اس کے شروع میں بھی پڑھنا جائز ہے۔ تکبیر تحریمہ کے اول یا آخر میں نہیں ہے۔

درس نظامی کے فضلاء کے لئے گریجویشن کلاس

شاہ ولی اللہ یونیورسٹی اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ نے امسال شوال المکرم سے درس نظامی کے فضلاء کے لئے گریجویشن کلاس کے اجراء کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت میٹرک پاس فضلاء کو تین سال اور نان میٹرک فضلاء کو پانچ سال میں مکمل بی اے کرایا جائے گا اور اس کے ساتھ اصول دین، تقابل ادیان و نظریات، حکمت ولی اللّٰہی اور اسلامی نظامِ حیات کے ضروری مضامین پر مشتمل خصوصی کورس پڑھایا جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کریں

ابو عمار زاہد الراشدی، ایڈمنسٹریٹر، شاہ ولی اللہ یونیورسٹی۔ اٹاوہ، گوجرانوالہ

فون ۳۲۲۳، ۲۶۳۴۲۳، ۲۱۹۶۶۳، (۰۴۳۱)